پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ : www.rbi.org.in

ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358

27 نومبر 2018

سری بھارتھی کوآپریٹو اربن بینک لمیٹیڈ، حیدرآباد، تلنگانہ ۔ جرمانہ عائد

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''سری بھارتھی کوآپریٹو اربن بینک لمیٹیڈ، حیدرآباد، تلنگانہ پر دولاکھ روپیہ (Rs.2,00,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (c)(1)47A جس کو سیکشن (4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے آر بی آئی کے ذریعہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے تحت جاری ہدایات کی خلاف ورزی کرنے اور تعمیلی رپورٹ پیش کرنے سے متعلق ہدایت/ رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

آر بی آئی نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ پیش کیا۔ معاملہ کی حقیقت و نوعیت، بینک کے جواب اور ذاتی سماعت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ عائد کرنے کا فرمان جاری کردیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 1212/2018-2019